© rasailojaraid.com

تبصرے

فتوح الغیب اردو تقطیع متوسط۔ضخامت ۲۲۸ صفحات۔کتابت و طباعت بہتر قیمت ۲ روپے ۸ آنے، پتہ:۔ مکتبہ نشاۃ ثانیہ معظم جاہی مارکٹ حیدرآباد دکن (آندھرا پردیش)

فتوح الغیب کے نام سے حضرت شیخ عبد القادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ کے اقوال و ملفوظات کا ایک مجموعہ عام طور پر مشہور ہے۔ سب سے پہلے حضرت شیخ عبد الحق محدث دہلویؒ اس کا ایک نسخہ حجاز سے لائے اور فارسی میں اس کا ترجمہ کیا اس کے بعد سے اب تک اس کتاب کے متعدد ترجمے شائع ہو چکے ہیں مگر چوں کہ مروجہ تراجم کی زبان سہل نہیں تھی اس لئے اب اس کا ایک اور نیا ترجمہ شائع کیا گیا ہے۔ یہ کتاب جس کو مقالات کہا جاتا ہے درحقیقت مقالات نہیں اقوال و ملفوظات ہے چنانچہ اس میں بلا کسی ربط و تسلسل کے حکمت و موعظت کی مختلف باتیں یک جا کر دی گئی ہیں چوں کہ اس میں اتباعِ شریعت اور اتباعِ سنت پر جگہ جگہ بہت زور دیا گیا ہے اس لئے جو لوگ تصوف میں غلو کے باعث شریعت کے معاملات میں تساہل برتتے ہیں یا اس کو چنداں اہمیت نہیں دیتے ان کو اس سے بہت فائدہ پہنچے گا علاوہ ازیں کتاب میں جگہ جگہ دنیا کی بے ثباتی، یوم آخرت کی اہمیت، ذات باری تعالیٰ کے ساتھ محبت کا ولولہ اور لقائے رب کا شوق اعلیٰ و بلند اخلاق وغیرہ یہ تمام مضامین پائے جاتے ہیں۔ پھر زبان و بیان نہایت موثر اور ولولہ انگیز ہے شروع میں مولانا عبد الماجد دریابادی کے قلم سے حضرت شیخؒ کے سوانح و حالات ہیں۔ جو مولانا کی ایک تصنیف سے ماخوذ ہیں۔ امید ہے کہ مسلمان اس کے مطالعہ سے فائدہ اُٹھائیں گے۔

© rasailojaraid.com